RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضورِ پُرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ ربیع الثانی سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء	نمبر ۱۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	استعفاء ممبرہ پنچایت مشرقی قانونی ودیگر تبادلہ وغیرہ	۱و۲
۲	رخصت ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پریس اخبار	۲
۳	رخصت مولوی عبدالحمید صاحب	″
۴	انتظام چیتھیان	″
۵	چندہ کی مسلمانان مختار عام	″
۶	تقرر سید علی ظہور صاحب بعہدہ تحصیلداری ودیگر انتظامات	۳
۷	رخصت سپرنٹنڈنٹ صفائی حصہ شرقی	″
۸	انتظام پنچایت عدالت دیوانی ودیگر انتظام	″
۹	اضافہ فرد اہلکار	″
۱۰	جلسہ کمیٹی بدرخواست صاحب صدر	″
	نقشہ نرخ نامہ نہیں آیا	۴

حکم اجلاس ہمایون بندگانِ حضورِ پُرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۳۰ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

مثل ناصیہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رپورٹ منظور ہے۔ بغرضِ اجرا احکام ضابطہ صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر عرض — میر سامانہ

جناب عالی

صیغہ پبلیکیشن مین عملہ بالکل نہین ہے۔ ایک لایق پیشکار کی فی الحال سخت ضرورت ہے۔ مولوی سید یاحمد پیشکار بھی اس کام کے لئے موزون معلوم ہوتے ہین۔ لہذا امیدوار ہون کہ انکو باضافہ پانچ روپیہ بمشاہرہ چالیس روپیہ ماہوار بعہدہ پیشکاری شعبۂ قانونی مقرر فرمایا جائے اور مولوی سید یاحمد کی جگہ منشی سلطان حسن خان اہلمد بھی کو جو وقتاً فوقتاً منشی پیشکاری کی خدمات انجام دیکیا ہے۔ اور سلطان حسن خان کی جگہ الفت رائے نقلنویس کو تبدیل فرمایا جائے۔ اور الفت رائے کی جگہ سید علاء الحق جو عدالت خفیفہ مین چند سال سے کارآموز ہے بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار مقرر فرمایا جائے۔ آفتاب دولت اقبال تابان باد۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۲۸ر مارچ سنہ ۱۹۱۱ع

بربنائے رپورٹ منصرم محتاج خانہ مصدقہ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر ذات خاص و صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر بدرخواست انتظام جذامیان جوکہ سابق مین طریقہ تہا کہ جذامی لوگ جو سڑک پر بھیک مانگتے ہوے معرفت پولیس محتاج خانہ مین داخل کردیے جایا کرتے تھے اب بھی بموجب قاعدہ سابقہ نسبت اشخاص جذامیان عمل ہونا چاہیے۔

حکم ہوا کہ

صدر سے ایک نقل حکم برائے اعلان و اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اور ایک نقل حکم برائے تعمیل سررشتہ پولیس کو مرسل ہو۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۳ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ع

رخصت مزید دو ہفتہ سپرنٹنڈنٹ پرچہ اخبار بوجہ علالت بسلسلۂ انتظام سابقہ منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۳ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ع

حسب رپورٹ صاحب چیف سکرٹری بہادر بحوالہ حکم حضور معلی دام اقبالہم وملکہم پانچ روپیہ ماہوار اضافہ مولوی عبدالمجید صاحب کی تنخواہ مین بکارگزاری نگرانی گوشوارہ جات منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۳ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ع

منشیہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور متعلقہ عرضی برج موہن لال بقال ساکنہ بلاسپور زمیندار علاقہ جدید بدرخواست اعلان علیحدگی سلو میان ولد سید اولاد علی مختار عام خود از مختارعامی۔

حکم ہوا کہ

ملاحظہ ہوا۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
واقع ۸ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

مشمولہ ڈی از صاحب چیف سکرٹری بہادر دربارہ ترقی
چالیس روپیہ ماہوار بہ تنخواہ سید علی مظہر سب انسپکٹر چنگی
مشاہرہ دار چالیس ماہوار و تقرر آن بعہدہ تحصیلداری بلاسپور
و تبادلہ منشی ابراہیم علیخان تحصیلدار بلاسپور بہ تحصیل سوار و
حاضری محمد حبیب شاہ خان تحصیلدار سوار صادر و حکم ثانی بمقام رامپور

حکم ہوا کہ

حسب منشاء حکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم سید علی مظہر سب انسپکٹر چنگی مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں چالیس روپیہ ماہوار اضافہ ہو کر مشاہرہ اسی روپیہ ماہوار تحصیلدار مقرر ہوں - اور چونکہ منشی ابراہیم علیخان تحصیلدار عرصہ سے بلاسپور میں تعینات ہیں اور تبادلہ کے خواہشمند ہیں اور عرصہ سے استدعاء تبادلہ کر رہے ہیں - لہذا سید علی مظہر تحصیل بلاسپور میں تعینات ہوں - اور منشی ابراہیم علیخان تحصیلدار بلاسپور تحصیل سوار میں تبدیل ہوں - منشی حبیب شاہ خان سردست رامپور میں آجائیں انکی بابت بعد کو حکم ہوگا - سید علی مظہر پہلے تحصیل بلاسپور کا جا کر چارج لے لیں بعد چارج دینے کے ابراہیم علیخان تحصیل سوار کا جا کر چارج لے لیں - اور حبیب شاہ خان تحصیلدار سوار چارج دینے کے بعد رامپور آجائیں - اس انتظام میں چونکہ ابراہیم علیخان سوار میں تعینات ہوئے اور سوار میں امتیاز علیخان نائب تحصیلدار ہیں لہذا تحصیلدار آنکے تبدیل چارج کے بعد منشی امتیاز علیخان نائب تحصیلدار سوار تحصیل بلاسپور کو تبدیل ہوں اور منشی محمد علی نائب تحصیلدار بلاسپور تحصیل سوار کو تبدیل کئے جائیں - مسند سے احکام منفصل جاری ہوں - ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کے پاس بھیجی جائے -

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر
رخصت
یکم اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر رخصت یکماہہ سپرنٹنڈنٹ شرقی ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء سے ۱۶ اپریل تک منظور کی گئی - ایام رخصت میں گشت گرداوری کا کام محمد حنیف خان اور وصول روپیہ کا کام صاحب میونسپل افسر کرینگے -

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

شبہ رپورٹ ہمارے و حسب منشاء حکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
دربارہ اخراج نام سید قاسم علی پیشکار عدالت دیوانی بتاریخ فوتی سے
و تقرر محمد فدا علیخان اہلمد مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار باضافہ پانچ روپیہ
ماہوار بجائے سید قاسم علی پیشکار متوفی و تقرر جلیل الرحمن خان بجائے
فدا علیخان اہلمد مشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار -

حسب منشاء حکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
اضافہ
۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

بصلہ حسن کارگذاری مولوی وحید الحسن خان اہلمد اپیل کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا -

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

مورخہ ۳ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

مشتمل حکم اجلاس ہمایون مشمولہ مثل عرضی رجسٹرار صدر در بارہ عطائے
کمیشن بر آمدنی رجسٹری متعلقہ صدر تحصیل بابت سنہ ۱۹۰۹-۱۹۱۰ء میں حکم
کہ شروع سال حسابی سنہ رواں یعنی یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۰ء سے رجسٹرار صدر
کو کمیشن آمدنی رجسٹری پر ملا کریگا صادرہ ۲۹ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

حکم ہوا کہ

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و حکم محکومہ ۲۹ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء
احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل حکم کی مع عرضداشت اجلاس
شامل فائل بک رہے نقل بابے اور خال دفتر بعد اجراء احکام حافظت
صدر کی مسل ہو اصل شامل مثل کیجاوے

[illegible]

تقرریا احمد نبی خان عرف پیارے خان بعہدہ سپرنٹنڈنٹ کارخانہ شکر سازی بطور قایم مقام بشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار منظور ہے احکام جاری ہون۔ اصل کاغذ بعد اجراے احکام صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہون کہ نور احمد خان وغیرہ سے حساب کتاب وغیرہ جلدی لیکر انکو رخصت کیا جاے۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

دربارہ تبادلہ کنہیا لال اہلمد ٹانڈہ متعینہ صدر بجاے منشی گرجا پرشاد سیاہہ نویس حضور تحصیل باضافہ یکروپیہ ماہوار و گرجا پرشاد مذکور بھی یکروپیہ بجاے کنہیا لال مذکور۔

گرجا پرشاد جب سیاہہ نویسی کا کام اچھا نہین کرسکتا تو اسکی تنخواہ پندرہ روپیہ رہنا مناسب نہین ہے۔ لہذا گرجا پرشاد کی تنخواہ مین سے ایک روپیہ کم ہوکر کنہیا لال کی تنخواہ مین ایک روپیہ اضافہ کیا جاے گرجا پرشاد چودہ روپیہ ماہوار اور کنہیا لال بارہ روپیہ ماہوار پاوے۔ اور گرجا پرشاد صدر مین بجاے کنہیا لال۔ اور کنہیا لال بجاے گرجا پرشاد حضور تحصیل تعینات ہو۔ احکام جاری ہون۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا۔